**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X EXAMINATION**

**MAY 2016**

**Islamiyat Paper II**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 30**

AKU-EB EXAMINATIONS 2016

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

**میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**

**امیدوار کے دستخط**

2۔ خصوصی ہدایت: اس پرچے میں کُل **چھے** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 6 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نہ کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نہ کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نہ کیجیے۔

صفحے کے چَوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نہ لکھیے۔ اپنا جواب دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 6 نمبر)

(الف) سورۂ احزاب میں گھروں میں داخلے کے حوالے سے جو تعلیمات بیان کی گئی ہیں اُن میں سے کسی **تین** تعلیمات کو بیان کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

(ب) هُوَ الَّذِىۡ يُصَلِّىۡ عَلَيۡكُمۡ وَمَلٰٓٮِٕكَتُهٗ لِيُخۡرِجَكُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوۡرِ‌ؕ وَكَانَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَحِيۡمًا۔ (سورۂ احزاب آیت 43)

ترجمہ: '' وہی تو ہے جو تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لے جائے، اور اللہ تعالیٰ مومنوں پر مہربان ہے۔''

سورۂ احزاب کی آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے مومنوں پر اس کی رحمت کس طرح نازل ہوتی ہے؟ **تین** نکات تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

سوال۔2 (کل 6 نمبر)

(الف) **كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔**

درج بالا حدیث کی روشنی میں وضاحت کیجیے کہ ایک شخص اپنی رعیت کی نگہبانی کس طرح کرسکتا ہے؟ **تین نکات** تحریر کیجیے۔ (3 نمبر)

(ب) مَنْ اِغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ حَرَّمَهُ اللهُ عَلَى النَّارِ۔

درج بالا حدیث میں جن اعمال کے کرنے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، اُن میں سے کسی **تین** کی وضاحت کیجیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔3 (کل4نمبر)

مکہ سے مدینہ ہجرت کے نتیجے میں مسلمانوں کو جو آسانیاں حاصل ہوئیں ان میں سے کوئی **چار** تحریر کیجیے۔

سوال۔4 (کل4نمبر)

قرآن مجید انسان کی عملی زندگی کے تمام پہلوؤں کے لیے ہدایت و رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ دیے گئے بیان کی **چار** مثالوں سے وضاحت کیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

ڈاکٹر سلیم الزّماں صدّیقی کی علمی خدمات **چار** نکات کے ذریعے واضح کیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔ 6 (کل 6 نمبر)

(الف) وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۙ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۙ (سورۂ مدثر، آیات 5-4)

"اپنے کپڑوں کو پاک رکھو اور ناپاکی سے دور رہو۔"

درج بالا آیت کی روشنی میں طہارت کے اطلاق اور اس کے اثرات پر **چار** نکات تحریر کیجیے۔ نیز اپنے جواب میں **ایک** حدیث کا حوالہ بھی دیجیے۔

**یا**

(ب) **تین** نکات میں عائلی زندگی کی اہمیت و فوائد کا جائزہ لیجیے۔ نیز اپنے جواب میں **ایک** حدیث کا حوالہ بھی دیجیے۔

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB MAY EXAMINATIONS 2016